DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس لاہور

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 21 شمارہ 232 | ہفتہ، 16 ربیع الاول، 23 اکتوبر 2021ء، 8 کاتک، صفحات 12 قیمت 20 روپے

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

ضروری انتباہ برائے عوام النّاس

تعلیمی اداروں میں منظور شدہ درسی کتب و اضافی تعلیمی مواد کے استعمال
اور
قرآن مجید کی تدریس بطور "علیحدہ لازمی مضمون" بارے ہدایات

بحوالہ مشتہر شدہ اشتہارات روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس 07 اگست 2015ء، روزنامہ دنیا / ایکسپریس 17 اکتوبر 2017ء، روزنامہ جنگ 19 اکتوبر 2017ء، روزنامہ دنیا 11 نومبر 2017ء، روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس / جنگ 09 جون 2018ء، روزنامہ نوائے وقت / جنگ 20 دسمبر 2018ء، روزنامہ جنگ / دنیا 30 جنوری 2019ء، روزنامہ جنگ / پاکستان 05 دسمبر 2019ء، روزنامہ دنیا 19 دسمبر 2020ء، روزنامہ ڈان 22 دسمبر 2020ء، روزنامہ دی نیوز / ایکسپریس 23 مئی 2021ء، روزنامہ دی نیوز / جنگ 02 جون 2021ء اور روزنامہ جنگ 01 اگست 2021ء

ہر گاہ بذریعہ اشتہار ہذا والدین، اساتذہ کرام، طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان و مالکان اور پرائیویٹ پبلشرز کو مطلع و خبردار کیا جاتا ہے کہ ادارہ ہذا، PCTB Act-2015 کے سیکشن 10 کے تحت نرسری تا بارھویں جماعت کی تمام درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کو ریگولیٹ کرنے کا قانونی اختیار رکھتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت ادارہ ہذا درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ان میں مذہبی، سیاسی و ثقافتی اقدار اور ریاستی، حکومتی و عسکری اداروں کے خلاف منافرت پر مبنی مواد موجود نہ ہو۔ ادارہ ہذا کے ایکٹ کے مطابق متحدہ علما بورڈ، پنجاب بھی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لیتا ہے تاکہ نسل نو کو معیاری اور متنازع مواد سے پاک درسی مواد پڑھنے کو مل سکے۔ یاد رہے کہ معزز عدالت لاہور ہائی کورٹ، لاہور بحوالہ التمش سعید بنام حکومتِ پنجاب وغیرہ کیس میں جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ادارہ ہذا نے ایسے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے ہیں کہ اس کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) اغلاط سے مبرّا اور قرآن و سنت کے منافی نہ ہوں۔ مزید برآں درسی مواد نظریہ اسلام، نظریہ پاکستان، تاریخ پاکستان، اسلامی و پاکستانی مشاہیر کے خلاف کسی قسم کے غیر مناسب اور نازیبا تاثرات سے پاک ہو۔ تمام سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس اس بات کے قانوناً پابند ہیں کہ وہ صرف ایسی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھانے کے مجاز ہوں گے جن کو پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے منظوری (NOCs) دے رکھی ہے۔ لہٰذا تمام تعلیمی ادارے صرف اور صرف پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) ہی پڑھائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

مزید برآں، حکومت پنجاب نے "لازمی تدریس قرآنِ مجید ایکٹ 2018ء" کے تحت صوبہ بھر کے تمام تعلیمی اداروں بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ اداروں اور دینی مدارس کے مسلم طلبہ کے لیے قرآنِ مجید کی تدریس کو لازمی قرار دیا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں 31 مئی 2021ء کو ہونے والی ترمیم (Act XIV of 2021) پابند کرتی ہے کہ پنجاب بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں اوّل سے بارھویں جماعت کے مسلم طلبہ کے لیے قرآن مجید کی تدریس بطور علیحدہ لازمی مضمون ہو گی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے حکم پر پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے مذکورہ ترمیم کی روشنی میں "تدریس قرآنِ مجید بطور لازمی مضمون" کا نصاب جاری کر دیا ہے جو دفتر ہذا کی ویب سائٹ (https://pctb.punjab.gov.pk) پر موجود ہے جس میں ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی جماعت وار تفصیل دی گئی ہے۔ لہٰذا پنجاب بھر کے تمام تعلیمی ادارے بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس کے لیے قانوناً لازم ہے کہ وہ تعلیمی سال 22-2021ء سے اوّل تا بارھویں جماعت کے لیے ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی لازمی تدریس کو یقینی بنائیں۔ اس ضمن میں کسی بھی تعلیمی ادارے کی کوتاہی ناقابلِ برداشت ہو گی اور اس حکم پر عمل درآمد نہ کرنے والے تعلیمی اداروں کے مالکان و سربراہان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

نوٹ:

عوام النّاس سے گزارش ہے کہ اگر کسی بھی تعلیمی ادارے میں پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی غیر منظور شدہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھایا جا رہا ہو اور اگر ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی تدریس نہ ہو رہی ہو تو اس کی اطلاع فوراً اپنی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دی جائے تاکہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے مالکان و سربراہان ادارہ کے خلاف سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے۔

ڈاکٹر عبداللہ فیصل
ڈائریکٹر (مسودات)
پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، 21-E-II، گلبرگ-III، لاہور
(042-99230672-76, 042-99230683)

IPL-10946

THE NEWS
Saturday
October 23, 2021
Rabiul Awwal 16, 1443 A.H.

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

ضروری انتباہ برائے عوام الناس

تعلیمی اداروں میں منظور شدہ درسی کتب و اضافی تعلیمی مواد کے استعمال
اور
قرآن مجید کی تدریس بطور "علیحدہ لازمی مضمون" بارے ہدایات

بحوالہ مشتہر شدہ اشتہارات روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس 07 اگست 2015ء، روزنامہ دنیا / ایکسپریس 17 اکتوبر 2017ء، روزنامہ جنگ 19 اکتوبر 2017ء، روزنامہ دنیا 11 نومبر 2017ء، روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس / جنگ 09 جون 2018ء، روزنامہ نوائے وقت / جنگ 20 دسمبر 2018ء، روزنامہ جنگ / دنیا 30 جنوری 2019ء، روزنامہ جنگ / پاکستان 05 دسمبر 2019ء، روزنامہ دنیا 19 دسمبر 2020ء، روزنامہ ڈان 22 دسمبر 2020ء، روزنامہ دی نیوز / ایکسپریس 23 مئی 2021ء، روزنامہ دی نیوز / جنگ 02 جون 2021ء اور روزنامہ جنگ 01 اگست 2021ء

ہر گاہ بذریعہ اشتہار ہذا والدین، اساتذہ کرام، طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان و مالکان اور پرائیویٹ پبلشرز کو مطلع و خبردار کیا جاتا ہے کہ ادارہ ہذا، PCTB Act-2015 کے سیکشن 10 کے تحت نرسری تا بارھویں جماعت کی تمام درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کو ریگولیٹ کرنے کا قانونی اختیار رکھتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت ادارہ ہذا درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ان میں مذہبی، سیاسی و ثقافتی اقدار اور ریاستی، حکومتی و عسکری اداروں کے خلاف منافرت پر مبنی مواد موجود نہ ہو۔ ادارہ ہذا کے ایکٹ کے مطابق متحدہ علما بورڈ، پنجاب بھی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لیتا ہے تاکہ نسل نو کو معیاری اور متنازع مواد سے پاک درسی مواد پڑھنے کو مل سکے۔ یاد رہے کہ معزز عدالت لاہور ہائی کورٹ، لاہور بحوالہ التمش سعید بنام حکومتِ پنجاب وغیرہ کیس میں جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ادارہ ہذا نے ایسے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے ہیں کہ اس کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) اغلاط سے مبرا اور قرآن و سنت کے منافی نہ ہوں۔ مزید برآں درسی مواد نظریہ اسلام، نظریہ پاکستان، تاریخِ پاکستان، اسلامی و پاکستانی مشاہیر کے خلاف کسی قسم کے غیر مناسب اور نازیبا تاثرات سے پاک ہو۔ تمام سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس اس بات کے قانوناً پابند ہیں کہ وہ صرف ایسی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھانے کے مجاز ہوں گے جن کو پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے منظوری (NOCs) دے رکھی ہے۔ لہٰذا تمام تعلیمی ادارے صرف اور صرف پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) ہی پڑھائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

مزید برآں، حکومت پنجاب نے "لازمی تدریس قرآنِ مجید ایکٹ 2018ء" کے تحت صوبہ بھر کے تمام تعلیمی اداروں بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ اداروں اور دینی مدارس کے مسلم طلبہ کے لیے قرآنِ مجید کی تدریس کو لازمی قرار دیا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں 31 مئی 2021ء کو ہونے والی ترمیم (Act XIV of 2021) پابند کرتی ہے کہ پنجاب بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں اوّل سے بارھویں جماعت کے مسلم طلبہ کے لیے قرآن مجید کی تدریس بطور علیحدہ لازمی مضمون ہوگی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے حکم پر پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے مذکورہ ترمیم کی روشنی میں "تدریس قرآنِ مجید بطور لازمی مضمون" کا نصاب جاری کر دیا ہے جو دفتر ہذا کی ویب سائٹ (https://pctb.punjab.gov.pk) پر موجود ہے جس میں ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی جماعت وار تفصیل دی گئی ہے۔ لہٰذا پنجاب بھر کے تمام تعلیمی ادارے بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس کے لیے قانوناً لازم ہے کہ وہ تعلیمی سال 2021-22ء سے اوّل تا بارھویں جماعت کے لیے ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی لازمی تدریس کو یقینی بنائیں۔ اس ضمن میں کسی بھی تعلیمی ادارے کی کوتاہی ناقابلِ برداشت ہوگی اور اس حکم پر عمل درآمد نہ کرنے والے تعلیمی اداروں کے مالکان و سربراہان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

نوٹ

عوام الناس سے گزارش ہے کہ اگر کسی بھی تعلیمی ادارے میں پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی غیر منظور شدہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھایا جا رہا ہو اور اگر ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی تدریس نہ ہو رہی ہو تو اس کی اطلاع فوراً اپنی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دی جائے تاکہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے مالکان و سربراہان ادارہ کے خلاف سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے۔

ڈاکٹر عبداللہ فیصل ڈائریکٹر (مسودات) پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، 21-E-II، گلبرگ-III، لاہور

042-99230683 - 042-99230672-6

IPL-10946

THE DAILY JANG LAHORE ★ ★ ★
روزنامہ
جنگ لاہور
بانی..... میر خلیل الرحمٰن
رجسٹرڈ سی پی ایل 140
فون 36367480 تا 83
صفحات 12 قیمت 20 روپے
جلد 43
ہفتہ 16 ربیع الاول 1443ھ 23 اکتوبر 2021ء 08 کاتک 2078ب
شمارہ 10

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

ضروری انتباہ برائے عوام الناس

تعلیمی اداروں میں منظور شدہ درسی کتب و اضافی تعلیمی مواد کے استعمال
اور
قرآن مجید کی تدریس بطور "علیٰحدہ لازمی مضمون" بارے ہدایات

بحوالہ مشتہر شدہ اشتہارات روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس 07 اگست 2015ء، روزنامہ دنیا / ایکسپریس 17 اکتوبر 2017ء، روزنامہ جنگ 19 اکتوبر 2017ء، روزنامہ دنیا 11 نومبر 2017ء، روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس / جنگ 09 جون 2018ء، روزنامہ نوائے وقت / جنگ 20 دسمبر 2018ء، روزنامہ جنگ / دنیا 30 جنوری 2019ء، روزنامہ جنگ / پاکستان 05 دسمبر 2019ء، روزنامہ دنیا 19 دسمبر 2020ء، روزنامہ ڈان 22 دسمبر 2020ء، روزنامہ دی نیوز / ایکسپریس 23 مئی 2021ء، روزنامہ دی نیوز / جنگ 02 جون 2021ء اور روزنامہ جنگ 01 اگست 2021ء

ہر گاہ بذریعہ اشتہار ہٰذا والدین، اساتذہ کرام، طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان و مالکان اور پرائیویٹ پبلشرز کو مطلع و خبردار کیا جاتا ہے کہ ادارہ ہٰذا، PCTB Act-2015 کے سیکشن 10 کے تحت نرسری تا بارھویں جماعت کی تمام درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کو ریگولیٹ کرنے کا قانونی اختیار رکھتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت ادارہ ہٰذا درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ان میں مذہبی، سیاسی و ثقافتی اقدار اور ریاستی، حکومتی و عسکری اداروں کے خلاف منافرت پر مبنی مواد موجود نہ ہو۔ ادارہ ہٰذا کے ایکٹ کے مطابق متحدہ علما بورڈ، پنجاب بھی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لیتا ہے تاکہ نسلِ نو کو معیاری اور متنازع مواد سے پاک درسی مواد پڑھنے کو مل سکے۔ یاد رہے کہ معزز عدالت لاہور ہائی کورٹ، لاہور بحوالہ التمش سعید بنام حکومت پنجاب وغیرہ کیس میں جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ادارہ ہٰذا نے ایسے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے ہیں کہ اس کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) اغلاط سے مبرّا اور قرآن و سنت کے منافی نہ ہوں۔ مزید برآں درسی مواد نظریہ اسلام، نظریہ پاکستان، تاریخ پاکستان، اسلامی و پاکستانی مشاہیر کے خلاف کسی قسم کے غیر مناسب اور نازیبا تاثرات سے پاک ہو۔ تمام سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس اس بات کے قانوناً پابند ہیں کہ وہ صرف ایسی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھانے کے مجاز ہوں گے جن کو پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے منظوری (NOCs) دے رکھی ہے۔ لہٰذا تمام تعلیمی ادارے صرف اور صرف پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) ہی پڑھائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

مزید برآں، حکومت پنجاب نے "لازمی تدریس قرآنِ مجید ایکٹ 2018ء" کے تحت صوبہ بھر کے تمام تعلیمی اداروں بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ اداروں اور دینی مدارس کے مسلم طلبہ کے لیے قرآنِ مجید کی تدریس کو لازمی قرار دیا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں 31 مئی 2021ء کو ہونے والی ترمیم (Act XIV of 2021) پابند کرتی ہے کہ پنجاب بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں اوّل سے بارھویں جماعت کے مسلم طلبہ کے لیے قرآن مجید کی تدریس بطور علیٰحدہ لازمی مضمون ہو گی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے حکم پر پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے مذکورہ ترمیم کی روشنی میں "تدریسِ قرآنِ مجید بطور لازمی مضمون" کا نصاب جاری کر دیا ہے جو دفتر ہٰذا کی ویب سائٹ (https://pctb.punjab.gov.pk) پر موجود ہے جس میں ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی جماعت وار تفصیل دی گئی ہے۔ لہٰذا پنجاب بھر کے تمام تعلیمی ادارے بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس کے لیے قانوناً لازم ہے کہ وہ تعلیمی سال 22-2021ء سے اوّل تا بارھویں جماعت کے لیے ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی لازمی تدریس کو یقینی بنائیں۔ اس ضمن میں کسی بھی تعلیمی ادارے کی کوتاہی ناقابلِ برداشت ہو گی اور اس حکم پر عمل درآمد نہ کرنے والے تعلیمی اداروں کے مالکان و سربراہان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

نوٹ:

عوام الناس سے گزارش ہے کہ اگر کسی بھی تعلیمی ادارے میں پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی غیر منظور شدہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھایا جا رہا ہو اور اگر ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی تدریس نہ ہو رہی ہو تو اس کی اطلاع فوراً اپنی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دی جائے تاکہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے مالکان و سربراہان ادارہ کے خلاف سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے۔

ڈاکٹر عبداللہ فیصل ڈائریکٹر (مسودات) پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، 21-E-II، گلبرگ-III، لاہور

042-99230683 - 042-99230672-6

IPL-10946

THE DAILY JANG LAHORE ★ ★ ★
روزنامہ جنگ لاہور
رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 83 تا 36367480
بانی..... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 12 قیمت 20 روپے
جلد 43 | ہفتہ 16 ربیع الاول 1443ھ 23 اکتوبر 2021ء 08 کاتک 2078ب | شمارہ 10

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

ضروری انتباہ برائے عوام الناس

تعلیمی اداروں میں منظور شدہ درسی کتب و اضافی تعلیمی مواد کے استعمال
اور
قرآن مجید کی تدریس بطور "علیحدہ لازمی مضمون" بارے ہدایات

بحوالہ مشتہر شدہ اشتہارات روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس 07 اگست 2015ء، روزنامہ دنیا / ایکسپریس 17 اکتوبر 2017ء، روزنامہ جنگ 19 اکتوبر 2017ء، روزنامہ دنیا 11 نومبر 2017ء، روزنامہ نوائے وقت / دنیا / ایکسپریس / جنگ 09 جون 2018ء، روزنامہ نوائے وقت / جنگ 20 دسمبر 2018ء، روزنامہ جنگ / دنیا 30 جنوری 2019ء، روزنامہ جنگ / پاکستان 05 دسمبر 2019ء، روزنامہ دنیا 19 دسمبر 2020ء، روزنامہ ڈان 22 دسمبر 2020ء، روزنامہ دی نیوز / ایکسپریس 23 مئی 2021ء، روزنامہ دی نیوز / جنگ 02 جون 2021ء اور روزنامہ جنگ 01 اگست 2021ء

ہر گاہ بذریعہ اشتہارِ ہذا والدین، اساتذہ کرام، طلبہ اور تعلیمی اداروں کے سربراہان و مالکان اور پرائیویٹ پبلشرز کو مطلع و خبردار کیا جاتا ہے کہ ادارہ ہذا، PCTB Act-2015 کے سیکشن 10 کے تحت نرسری تا بارھویں جماعت کی تمام درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کو ریگولیٹ کرنے کا قانونی اختیار رکھتا ہے۔ اس ایکٹ کے تحت ادارہ ہذا درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لے رہا ہے تاکہ ان میں مذہبی، سیاسی و ثقافتی اقدار اور ریاستی، حکومتی و عسکری اداروں کے خلاف منافرت پر مبنی مواد موجود نہ ہو۔ ادارہ ہذا کے ایکٹ کے مطابق متحدہ علما بورڈ، پنجاب بھی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) کا جائزہ لیتا ہے تاکہ نسلِ نو کو معیاری اور متنازع مواد سے پاک درسی مواد پڑھنے کو مل سکے۔ یاد رہے کہ معزز عدالت لاہور ہائی کورٹ، لاہور بحوالہ التمش سعید بنام حکومتِ پنجاب وغیرہ کیس میں جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ادارہ ہذا نے ایسے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے ہیں کہ اس کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) اغلاط سے مبرا اور قرآن و سنت کے منافی نہ ہوں۔ مزید برآں درسی مواد نظریہ اسلام، نظریہ پاکستان، تاریخ پاکستان، اسلامی و پاکستانی مشاہیر کے خلاف کسی قسم کے غیر مناسب اور نازیبا تاثرات سے پاک ہو۔ تمام سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس اس بات کے قانوناً پابند ہیں کہ وہ صرف ایسی درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھانے کے مجاز ہوں گے جن کو پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے منظوری (NOCs) دے رکھی ہے۔ لہٰذا تمام تعلیمی ادارے صرف اور صرف پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ کی منظور کردہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) ہی پڑھائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

مزید برآں، حکومت پنجاب نے "لازمی تدریس قرآنِ مجید ایکٹ 2018ء" کے تحت صوبہ بھر کے تمام تعلیمی اداروں بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ اداروں اور دینی مدارس کے مسلم طلبہ کے لیے قرآنِ مجید کی تدریس کو لازمی قرار دیا ہے۔ مذکورہ ایکٹ میں 31 مئی 2021ء کو ہونے والی ترمیم (Act XIV of 2021) پابند کرتی ہے کہ پنجاب بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں اوّل سے بارھویں جماعت کے مسلم طلبہ کے لیے قرآنِ مجید کی تدریس بطور علیحدہ لازمی مضمون ہو گی۔ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے حکم پر پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ نے مذکورہ ترمیم کی روشنی میں "تدریس قرآنِ مجید بطور لازمی مضمون" کا نصاب جاری کر دیا ہے جو دفتر ہذا کی ویب سائٹ (https://pctb.punjab.gov.pk) پر موجود ہے جس میں ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی جماعت وار تفصیل دی گئی ہے۔ لہٰذا پنجاب بھر کے تمام تعلیمی ادارے بشمول سرکاری، نیم سرکاری، پرائیویٹ ادارے اور دینی مدارس کے لیے قانوناً لازم ہے کہ وہ تعلیمی سال 22-2021ء سے اوّل تا بارھویں جماعت کے لیے ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی لازمی تدریس کو یقینی بنائیں۔ اس ضمن میں کسی بھی تعلیمی ادارے کی کوتاہی ناقابلِ برداشت ہو گی اور اس حکم پر عمل درآمد نہ کرنے والے تعلیمی اداروں کے مالکان و سربراہان کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے گی۔

نوٹ:

عوام الناس سے گزارش ہے کہ اگر کسی بھی تعلیمی ادارے میں پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی غیر منظور شدہ درسی کتب اور اضافی تعلیمی مواد (SRM) پڑھایا جا رہا ہو اور اگر ناظرہ و ترجمہ قرآنِ مجید کی تدریس نہ ہو رہی ہو تو اس کی اطلاع فوراً اپنی متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دی جائے تاکہ ان احکامات کی خلاف ورزی کرنے والے مالکان و سربراہان ادارہ کے خلاف سخت قانونی، تادیبی اور انسدادی کارروائی بروئے عمل لائی جائے۔

ڈاکٹر عبداللہ فیصل ڈائریکٹر (مسودات) پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، 21-E-II، گلبرگ-III، لاہور

042-99230683 - 042-99230672-6

IPL-10946